طریقۂ استعمال

# Meriofert (Menotrophin) 900 IU

## انجیکشن لگانے کی ہدایات



**Meriofert 900 IU**
کی درست تیاری اور انجیکشن
کے لیے با تصویر رہنما کتابچہ

IBSA

اس کتابچہ کو IBSA نے تیار کیا ہے
جاب بیگ کوڈ: UKME00309 تیاری کی تاریخ: مارچ 2024

براہ کرم اپنا پہلا انجیکشن لگانے سے پہلے پیک کے ساتھ فراہم کردہ معلومات برائے مریض کا پرچہ پڑھیں

# Meriofert 900 IU کا استعمال کیسے کریں

Meriofert 900 IU ایک زیر جلد انجیکشن ہے (جو آپ کی جلد کے نیچے دیا جاتا ہے)۔

ہر ایک شیشی کو صرف ایک بار تیار کیا جانا چاہیے اور ہر ایک انجیکشن کو خوراک کشید کرنے کے فوراً بعد لگانا چاہیے۔

**مناسب مشورہ اور تربیت کے بعد آپ کی نگہداشت صحت کا پیشہ ور آپ سے خود کو Meriofert 900 IU کا انجیکشن لگانے کو کہہ سکتا ہے۔**


**قبل اس کے کہ آپ پہلی بار خود کو انجیکشن لگائیں، آپ کی نگہداشت صحت کے پیشہ ور پر لازم ہے کہ:**

- انہوں نے آپ کو خود سے انجیکشن لگانے کے لیے انجیکشن کی ممکنہ سائٹوں کے بارے میں بتا دیا ہو؛
- انجیکشن کے لیے محلول تیار کرنے کا طریقہ سمجھا دیا ہو؛
- انجیکشن کی درست خوراک تیار کرنے کے طریقہ کی وضاحت کر دی ہو۔

## خود کو MERIOFERT 900 IU کا انجیکشن لگانے سے پہلے، مندرجہ ذیل ہدایات کو بغور پڑھیں:



کیوں کہ اس شیشی میں کئی دنوں کے علاج کے لیے دوا ہے، آپ کو لازماً اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ آپ دوا کی صرف اتنی ہی مقدار کشید کریں جو کہ آپ کی نگہداشت صحت کے پیشہ ور کے ذریعہ تجویز کی گئی ہے۔




آپ کی نگہداشت صحت کے پیشہ ور نے آپ کو متعدد خوراک پر مشتمل Meriofert کی ایک یومیہ خوراک تجویز کی ہے۔

درست خوراک حاصل کرنے کے لیے آپ کو انٹرنیشنل یونٹس (IUs) کی پیمائش والی 12 سرنجوں میں سے کوئی ایک استعمال کرنا چاہیے۔

یہ سرنجیں **صرف واحد استعمال** کے لیے ہیں اور انہیں ہر ایک استعمال کے بعد نوکیلی اشیاء کے ایک کنٹینر میں ضائع کر دیا جانا چاہیے۔

## Meriofert 900 IU کا ہر ایک سیٹ درج ذیل پر مشتمل ہے:

- ایک شیشی جس میں پاؤڈر ہے؛
- ایک پہلے سے بھری سرنج جس میں دوا بنانے کے لیے سالوینٹ ہے؛
- دوا بنانے کے لیے ایک سوئی؛
- متعدد انجیکشنوں کے لیے الکحل والے 12 پھاہے؛
- بارہ عدد استعمال کے بعد ضائع کر دی جانے والی سرنجیں جن میں یومیہ زیر جلد انجیکشنوں کے لیے سوئیاں لگی ہوئی ہیں اور جن کی پیمائش IUs میں کی جاتی ہے۔



## 1 پہلی بار استعمال سے قبل







دوا بنانے سے پہلے، Meriofert 900 IU لازمی طور پر فریج میں **2-8° سیلسیس** پر رکھا جانا چاہیے۔

**ہم لوگ Meriofert 900 IU پہلی بار استعمال کرنے سے پہلے معاون قدم بہ قدم ویڈیو ڈیمانسٹریشن دیکھنے کی بھی سفارش کرتے ہیں۔**

## 2 دوا بنانے سے پہلے

انجیکشن کے لیے محلول (جس میں مینوٹروفن 900 IU ہے) لازمی طور پر آپ کی پہلی خوراک لینے کے لیے تیار ہونے سے ٹھیک پہلے تیار کیا جانا چاہیے۔


ایک صاف ستھری سطح کو تیار کریں اور اپنے ہاتھوں کو صابن اور گرم پانی سے دھوئیں۔

درج ذیل سپلائیاں اکٹھا کر لیں:

**a.** پاؤڈر والی شیشی؛

**b.** دوا بنانے کے لیے پہلے سے بھری سرنج؛

**c.** دوا بنانے کے لیے ایک استعمال کے بعد ضائع کر دی جانے والی سوئی۔




# انجیکشن کے لیے محلول تیار کرنا

## 3 پہلے سے بھری سرنج تیار کرنا

**کسی بھی مرحلہ میں سفید کالر نہ ہٹایا جائے یہ بات اہم ہے۔**




پیک پر منسوخی کی تاریخ ملاحظہ کرنے کے بعد دوا بنانے کے لیے پہلے سے بھری سرنج اور خاکستری رنگ کی سوئی کو کھولیں۔ اگر پروڈکٹ کی منسوخی کی تاریخ گزر چکی ہے تو اس پیک کا استعمال نہ کریں۔





دوا بنانے والی خاکستری رنگ کی سوئی لگائیں جبکہ اس کا حفاظتی ڈھکن اب بھی سرنج پر لگا ہو۔





صاف ستھری سطح پر سرنج کو دھیان سے رکھیں۔


## شیشی تیار کرنا





شیشی سے رنگین پلاسٹک فلپ آف کیپ کو اپنے انگوٹھے سے دھیرے دھیرے دھکیل کر ہٹا دیں۔ ربڑ والی اوپری سطح کو روئی اور جراثیم کش محلول سے پونچھ کر صاف کریں اور خشک ہونے دیں۔




پہلے سے بھری سرنج اٹھائیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے سوئی کا حفاظتی ڈھکن ہٹائیں کہ آپ سفید کالر کو نہیں ہٹاتے ہیں۔





شیشی کے مرکز میں ربڑ کے اوپری سرے میں سوئی کو دھکیلیں۔




تمامتر محلول کو پاؤڈر میں خالی کرنے کے لیے پلنجر کو نیچے کی طرف طاقت سے دھکیلیں۔




محلول کو ملاتے وقت، شیشی کے اندر تھوڑا زیادہ پریشر پیدا ہوتا ہے۔ لہٰذا، سوئی کو مائع کی سطح سے اوپر اٹھائیں اور تقریباً 10 سیکنڈ تک سرنج کے پلنجر کو جانے دیں۔ پلنجر کے اوپر اٹھنے کے ساتھ شیشی کے اندر زائد پریشر ہلکا ہو جائے گا۔




تیار کردہ محلول کو ہلائیں نہیں مگر دھیرے دھیرے گھمائیں یہاں تک کہ محلول صاف ہو جائے۔

*عام طور پر، **Meriofert 900 IU** فوراً گھل جاتا ہے۔*




جانچ کر لیں کہ آیا تیار کردہ محلول صاف، بے رنگ اور ذرات سے پاک ہے۔

*اگر محلول ذرات پر مشتمل ہو، دھندلا ہو یا بے رنگ نہ ہو تو استعمال نہ کریں۔*

## 5 انجیکشن تیار کرنا




شیشی کے ربڑ اسٹاپر کو الکحل والے کسی پھاہے سے صاف کریں۔




زیر جلد یومیہ انجیکشن لگانے کے لیے، فراہم کردہ استعمال کے بعد پھینک دی جانے والی سوئی لگی سرنجوں میں سے ایک کو نکالیں۔





سوئی کا حفاظتی ڈھکن ہٹائیں۔




سوئی کو شیشی کے اوپر ربڑ کے مرکز میں اوپر سے نیچے کی طرف داخل کریں۔

## انجیکشن تیار کرنا




یقینی بنائیں کہ سوئی محلول میں ڈوب جائے اور متعدد خوراک والے Meriofert کی مجوزہ خوراک انجیکشن والی سرنج میں کشید کریں۔




سوئی کو شیشی سے نکالیں۔





سرنج کو اس طرح پکڑیں کہ اس کا سرا اوپر کی طرف ہو اور آہستہ آہستہ سرنج کے سرے پر ہلکی ضرب لگائیں تاکہ ہوا کے کوئی بھی بلبلے اوپر کی طرف آ جائیں۔




پلنجر کو آہستہ آہستہ دھکیلیں یہاں تک کہ مائع سوئی کے سرے پر ظاہر ہو جائے۔

# انجیکشن دینا

## 6 انجیکشن کی جگہ



آپ کی نگہداشت صحت کے پیشہ ور نے آپ کو پہلے ہی بتا دیا ہوگا کہ اپنے جسم میں کس جگہ پر اپنی دوا بذریعہ انجیکشن لینی ہے۔

عمومی جگہیں ران، ناف کے نیچے دیوار شکم کا نچلا حصّہ۔

کیوں کہ پروڈکٹ کو روزانہ دیا جاتا ہے، انجیکشن کی جگہ کو بدلتے رہنے کی سفارش کی جاتی ہے۔

## 7 محلول کا انجیکشن لگانا




انجیکشن کی اپنی منتخبہ جگہ پر جلد کو ایک ساتھ چٹکی میں مضبوطی سے پکڑیں۔

دوسرے ہاتھ سے، سوئی کو ایک ڈارٹ جیسی حرکت میں 45° یا 90° ڈگری کے زاویے پر داخل کریں۔

جلد کے اندر انجیکشن لگائیں۔ راست کسی رگ میں انجیکشن نہ لگائیں۔




پلنجر کو آہستہ آہستہ اور سیدھا دھکیلیں تاکہ محلول کا انجیکشن درست طور پر لگ جائے۔

محلول کی مجوزہ مقدار کا انجیکشن لگانے کے لیے جتنا وقت ضروری ہو لیں۔



اپنی استعمال کی ہوئی تمام سوئیاں، سرنجیں اور انجیکشن کے سامان ٹھکانے لگانے کے ڈبے میں ضائع کر دیں۔

## 8 ذخیرہ کاری

دوا تیار کرنے کے بعد، محلول کو زیادہ سے زیادہ 28 دنوں تک، 25° سیلسیس سے کم درجۂ حرارت میں رکھا جا سکتا ہے۔

دوا تیار کرنے سے پہلے یا بعد میں منجمد نہ کریں۔


## 9 آئندہ انجیکشنز

متعدد خوراک والے Meriofert کا تیار شدہ محلول استعمال کرتے ہوئے آئندہ انجیکشنوں کے لیے قدم 5 سے دوہرائیں اور ہر ایک یومیہ زیر جلد انجیکشن کے لیے کوئی نئی استعمال کے بعد پھینک دی جانے والی سرنج استعمال کریں۔

تاہم، اگر آپ نوٹس کرتے ہیں کہ محلول شفاف نہیں ہے تو اس کا استعمال نہ کریں۔




جب باکس کو پہلی بار کھولا جاتا ہے تو پیکیج کو بند رکھنے والے فلیپ پر پیڈ لاک کا آئیکن ظاہر ہوتا ہے۔



# Meriofert 900 IU

کی درست تیاری اور انجیکشن

کے لیے با تصویر رہنما کتابچہ

# Meriofert 900 IU

پاؤڈر اور سالوینٹ مینوٹروفن انجیکشن کے محلول کے لیے

## آپ کو Meriofert کیوں تجویز کی گئی ہے؟

آپ کو Meriofert 'ان وائٹرو فرٹیلائزیشن (IVF)' کے پراسس کے طور پر زیر قابو بیضہ ریزی کی بیش تحریک (اویرین ہائپر اسٹیمولیشن) کے لیے تجویز کی گئی ہے۔

مزید معاون معلومات آپ کی دواؤں کے پیکٹ اور آن لائن ویڈیو میں معلومات برائے مریض کے پرچہ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

اگر آپ کے پاس کوئی سوالات ہوں تو اپنی نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے دریافت کریں۔

ہم لوگ Meriofert 900 IU پہلی بار استعمال کرنے سے پہلے معاون قدم بہ قدم ویڈیو ڈیمانسٹریشن دیکھنے کی بھی سفارش کرتے ہیں۔

اگر آپ کو کوئی ضمنی اثرات ہو جاتے ہیں تو اپنے ڈاکٹر، فارمیسسٹ یا نرس سے بات کریں۔ اس میں کوئی بھی ایسے ممکنہ ضمنی اثرات شامل ہیں جو پیکج کے ورقچہ میں مذکور نہیں ہیں۔

آپ ضمنی اثرات کی اطلاع راست طور پر یلو کارڈ اسکیم (Yellow Card Scheme) کے ذریعہ /https://yellowcard.mhra.gov.uk پر بھی کر سکتی ہیں۔

ضمنی اثرات کی اطلاع دے کر آپ اس دوا کے محفوظ ہونے کے سلسلہ میں مزید معلومات فراہم کرنے میں مدد کر سکتی ہیں۔

IBSA Pharma کو کسی ضمنی اثر یا پروڈکٹ سے متعلق شکایت کی اطلاع دینے کے لیے براہ کرم **IBSA Pharma Ltd** سے **01923233466** پر اور **medicalinformation.uk@ibsagroup.com** پر رابطہ کریں

IBSA


حوالہ جات

معلومات برائے مریض کا پرچہ

Meriofert 900 IU: پروڈکٹ کی امتیازی خصوصیات کا خلاصہ